بسم اللہ الرحمن الرحیم

## حرف اول

# قرآن اکیڈمی کراچی کے تحت
# ایک سالہ قرآن فہمی کورس کا اجراء

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے تحت تعلیم و تعلّم قرآن کی جس تحریک کا آغاز شہرلاہور میں ہوا تھا' اب بحمد اللہ وہ پاکستان کے دیگر بڑے شہروں میں بھی بتدریج قدم جما رہی ہے۔ کراچی' کوئٹہ' ملتان' فیصل آباد' پشاور اور اسلام آباد/ راولپنڈی کے بعد اب سرگودھا میں بھی اللہ کے فضل وکرم سے منسلک انجمنوں کا قیام عمل میں آچکا ہے۔ یہی نہیں بلکہ لاہور کی قرآن اکیڈمی کے طرز پر کراچی اور ملتان میں بھی Academies کی تعمیر کا کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ فیصل آباد میں بہت جلد قرآن اکیڈمی کی تعمیر کا آغاز ہو جائے گا۔

© rasailojaraid.com

قرآن اکیڈمی لاہور کے تحت جاری ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس' تعلیم و تعلّم قرآن کے ابتدائی قدم کے طور پر نہایت موثر اور مفید ثابت ہوا ہے۔ یہ کورس کالج اور یونیورسٹی سے تکمیل تعلیم کرنے والے ان افراد کیلئے ترتیب دیا گیا ہے جو ابتدائی دینی تعلیم حاصل کرنے اور عربی زبان سیکھ کر قرآن حکیم کا براہ راست فہم حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں۔ اسلئے کہ ترجمے کی مدد سے قرآن کا مفہوم جاننے سے ایک انسان کلام الٰہی کی اس تاثیر سے محروم رہتا ہے جو ان لوگوں کو میسر آتی ہے جو کم از کم اتنی عربی جانتے ہوں کہ قرآن کو سنتے ہوئے اس کا مفہوم براہ راست سمجھ رہے ہوں۔ بقول اقبال ؂

تیرے ضمیر پہ جب تک نہ ہو نزولِ کتاب　　گرہ کشا ہے نہ رازی' نہ صاحبِ کشاف

قرآن اکیڈمی کراچی میں اگرچہ کامرس کالج کا اجراء دو سال قبل ہو گیا تھا لیکن بوجوہ ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس تاہنوز شروع نہیں کیا جاسکا ـــــ تاہم اب بحمد اللہ اس کورس کے اجراء کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ رمضان المبارک کے بعد ۱۶ فروری ۹۸ء سے ان شاء اللہ قرآن اکیڈمی کراچی میں تدریس کا آغاز ہو جائے گا۔ کم از کم ایف اے/ ایف ایس سی پاس طلبہ اس کورس میں داخلے کے اہل ہوں گے۔ بیرون کراچی سے تعلق رکھنے والے افراد کیلئے ہاسٹل کی محدود سہولت موجود ہے۔ خواتین کیلئے بھی باپردہ اہتمام ہو گا' بشرطیکہ خواتین کے ساتھ ان کے شوہر یا محرم بھی کورس میں شریک ہوں۔

☆ ☆ ☆

قارئین نوٹ فرمالیں کہ اس سال محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب رمضان المبارک میں قرآن حکیم کے ترجمہ کا دورہ قرآن اکیڈمی کراچی کی جامع مسجد میں مکمل کرانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

© rasailojaraid.com